# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار |
| قواعد | مذکر/مونث، جانوروں کے بچوں کے نام | پہلی سہ ماہی |

## * قواعد:

یاد رکھیے کچھ جانور ہمیشہ مذکر استعمال ہوتے ہیں جیسے اژدہا، بھیڑیا، چیتا، بچھو، نیولا، لنگور، گینڈا، مگرمچھ۔

جبکہ کچھ جانور ہمیشہ مؤنث استعمال ہوتے ہیں جیسے چھپکلی، لومڑی، چھچھوندر، مچھلی۔

کتاب پر دیے گئے جانوروں کے مذکر اور مؤنث پڑھیے اور یاد کیجیے۔

## * جانوروں کے بچوں کے نام:

| جانوروں کے نام | بچوں کے نام |
|---|---|
| گھوڑا | بچھیرا |
| بکری | میمنا |
| گائے | بچھڑا |
| مرغی | چوزہ |
| بلی | بلونگڑا |

*کچھ آوازوں میں معمولی فرق ہوتا ہے۔ جنہیں ہم اکثر غلط لکھ دیتے ہیں جیسے سُکھ، سُوکھ - لکھا، لیکھا

نیچے دیے گئے جملوں کو پڑھیے اور فرق جاننے کی کوشش کیجیے۔

۱- کیا کپڑے سوکھ گئے ؟(سُکھ، سُوکھ)

۲- بورڈ پر کیا لکھا ہے۔(لیکھا، لکھا)

۳- مجھے ابھی بہت کام کرنا ہے۔(کام، کم)

۴- میں نے کہانی سُنی۔(سُونی، سُنی)

**گھر کا کام:** کتاب پر دیے گئے جانوروں کے بچوں کے نام اُن کے ناموں سے ملائیے۔

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار | قواعد |
| نام طالبعلم:---------------- | جماعت: سوئم (فریق)------ | تاریخ:---------------- |

## سرگرمی:

## مذکر کے مؤنث لکھیے۔

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| بکرا | |
| بندر | |
| بلا | |
| بیل | |
| بھینسا | |
| بچھڑا | |
| گھوڑا | |
| مینڈھا | |
| چوہا | |
| گدھا | |

## نیچے دیے گئے جملوں کو پڑھیے اور درست لفظ کا انتخاب کیجیے۔

۱۔الماری-----------------چیزیں رکھی ہیں۔ (میں، مے)

۲۔میں نے کھانے کے--------------------------ہاتھ دھوئے۔ (باد، بعد)

۳۔بورڈ پر کیا--------------------------ہے۔ (لکھا، لیکھا)

۴۔میں نے کہانی--------------------------۔ (سُونی، سُنی)

## مذکر جملوں کو مؤنث میں تبدیل کر کے لکھیے۔

| مذکر جملے | مؤنث جملے |
|---|---|
| ۱۔اونٹ صحرا میں رہتا ہے۔ | |
| ۲۔ بکرا گھاس کھاتا ہے۔ | |
| ۳-بندر ناچ دکھاتا ہے۔ | |
| ۴-بِلا دودھ شوق سے پیتا ہے۔ | |

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار |
| طالبعلم کا نام:--------------- | جماعت سوئم (فریق):----- | تاریخ:------------------ |

# قواعد: واحد/جمع (سرگرمی)

*جن واحد مذکر الفاظ کے آخر میں "ا" یا "ہ" نہیں ہوتی ان کی واحد اور جمع میں ایک ہی صورت رہتی ہے۔

**مثلاً:** ہاتھی، گھر، بھائی، درخت، اونٹ، بیل، جانور، لڈّو وغیرہ۔

**مثلاً:** جنگل میں بہت سے درخت تھے۔

*جملوں میں ایسے الفاظ کے بعد اگر حروف ربط (میں، نے، سے، کے، پر، تک، کا، کو، کی) آئیں تو ان الفاظ کی جمع 'وں' لگا کر بنائی جاتی ہے۔

**مثلاً:** درختوں پر چڑیاں بیٹھی ہیں۔

***جملوں میں دیے گئے الفاظ کی جمع لکھیں۔**

1۔ پہلے زمانے میں لوگ--------------پر سفر کرتے تھے۔ (اونٹ)

2۔ --------------کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔ (جانور)

3۔ تینوں---------------------نے مل جل کر ماں باپ کی خدمت کی۔ (بھائی)

4۔ کسان بہت خوبصورت ---------------------- کی جوڑی لایا۔ (بیل)

5۔ محلّے کے بہت سے ---------------------- میں قربانی کے جانور آئے ہیں۔ (گھر)

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار |
| قواعد | رموزِ اوقاف | پہلی سہ ماہی |

# قواعد: رموزِ اوقاف

***ختمہ (۔):** بیانیہ جملے کے آخر میں ختمہ لگاتے ہیں۔

**مثلاً:**

ا۔ ایک عورت بلی کو باندھے رکھتی تھی ۔

۲ ۔آم بہت میٹھا ہے۔

۳ ۔میرے دو بڑے بھائی ہیں۔

***سوالیہ (؟):** سوالیہ جملے کے آخر میں سوالیہ نشان لگایا جاتا ہے۔

**مثلاً:**

ا ۔" یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! کیا جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر بھی ہمیں ثواب ملے گا؟"

۲ ۔ دروازے پر کون ہے ؟

۳ ۔ تم کہاں جا رہے ہو ؟

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار |
| طالبعلم کا نام:--------------- | جماعت: سوئم (فریق):----- | تاریخ:------------------ |

## سرگرمی:

**جملے پڑھیے اور ختمہ یا سوالیہ نشان لگائیے۔**

۱ ۔ دادی کب آئیں گی

۲ ۔ ابّو کہاں جا رہے ہیں

۳ ۔ میں نے نظم یاد کر لی ہے

**مندرجہ ذیل الفاظ کے بیانیہ جملے بنا کر ختمہ (-) لگائیے۔**

**مثلاً:** گلاب: یہ گلاب کا پھول ہے۔

۱ ۔ کتاب: ----------------------------------------------

۲ ۔ بازار: ----------------------------------------------

**مندرجہ ذیل الفاظ کے سوالیہ جملے بنا کر سوالیہ نشان (؟) لگائیے۔**

**مثلاً:** کیا: آپ کا نام کیا ہے؟

۱ ۔ کہاں: ----------------------------------------------

۲۔ کیوں: ----------------------------------------------